سوال

(174) معتکف کی بیوی کا اس کو کھانا پکڑانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا معتکف کی بیوی اس کو کھانا پکڑا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں کھانا وغیرہ پکڑا سکتی ہے، چنانچہ حدیث میں ہے۔ نبی ﷺ اعتکاف میں تھے۔ آپ کی بیوی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہ کسی کام کے لے آپ کے پاس آئی۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ ﷺ کے سر مبارک میں کنگھی کرتی تھی۔ مشکوٰۃ (فتاویٰ اہل حدیث جلد ۲ صفحہ ۱۷۵۔ ۲۹ رمضان ۱۳۸۳ھ) (عبداللہ امرتسری روپڑی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 06 ص 454

محدث فتویٰ